مجموعۂ نظم و نثر اردو و فارسی در مدح ہمایوں اعلیحضرت قدر
قدرت ظل سبحانی حضور پرنور بندگانعالی متعالی سلطان دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

یہ ہے گلہائے مدحِ ظلِ سبحانی کا گلدستہ
ریاحینِ ریاضِ وصفِ سلطانی کا گلدستہ

باغ نگینی

سن مقدس ک صلے
سنہ ۱۳۲۳

یہ گلدستہ کیوں ہو باغ رنگین
شگفتہ گل ہیں اس کے مضامین
جو مدح شہ کے گلشن کا ہے گلچیں
ہے بہار طبع گوھر [illegible]

نیابت خاندانِ ملکِ کرناٹک کی بخشی ہے
حضورِ آصفِ سابع نے یہ عزت مجھے دی ہے

گزرانیدۂ فدوی عقیدت گستر ابو الفصاحت محمد منور خاں گوھر
نائب خاندانِ کرناٹک و مصنف مخزنِ سعادت و گوھر ابدار

مطبوعۂ نظام دکن پریس واقع بازار عیسیٰ میاں

باغ حمد و نعت کا گوہر جو گلچیں ہو گیا ❊ اوسکا گلزار سخن بھی باغ جنت ہو گیا

ہو درود کبریا نازل شہ لولاک پر ❊ رحمت حق آل و اصحاب رسول پاک پر

معزز ناظرین ما اگر آپ اجازت دیں تو میں اپنا کلام آپکی خدمات میں پیش کرنے سے پہلے چند ضروری باتیں عرض کیا چاہتا ہوں۔

خدائے کریم عم نوالہ کا شکر ہے کہ میں شہر مدراس کے ایک نہایت معزز خاندان یعنے خاندان کرناٹک کا ممبر ہوں جسکے مورث اعلیٰ نواب سراج الملک حاجی محمد انور الدین خاں شہید شہامت جنگ اور آپکے فرزند نواب محمد علی خاں والاجاہ یکے بعد دیگرے فرمانروایان کرناٹک تھے نواب والا جاہ میرے دادا کے پڑنانا اور نانا کے پڑدادا تھے اور نواب ثانی میری دادی کے حقیقی نانا اور میری نانی کے دادا (نواب عظیم الدولہ) کے جد بلا واسطہ تھے۔ نواب عظیم الدولہ کے انتقال کے بعد آپ کے خلف اکبر یعنے میری والدہ کے نانا نواب اعظم جاہ اور بعد ازاں آپکے فرزند نواب غلام محمد غوث خاں نواب کرناٹک بنے۔ میری دادی کی والدہ محمد زماں خاں حیدر برادر نواب منیر الملک دیوان حیدرآباد دکن (داماد میر عالم بہادر) کی نواسی تھیں۔ محمد زماں خاں حیدر کے نانا نواب دوست علی خاں (برادر زادہ نواب سعادت اللہ خاں) ماموں نواب صفدر علیخاں شہید اور میرے بھائی

نواب سعید محمد خاں زمانۂ سابق میں نوابان کرناٹک تھے۔

میرے والد حضرت مولوی محمد عبد الغنی خاں بہادر مغفور المتخلص بہ امیرؔ کیا بلحاظ شرافت نجابت کیا بحیثیت علم وفضل کیا باعتبار محاسن اخلاق اور کیا بنظر خدمات قومی وملکی خاندان کرناٹک میں منتخب فرد تھے۔ پندرہ برس کی عمر میں تحصیل علوم سے فارغ ہوگئے تھے اور ایک مثنوی زلیخا جامی کے جواب میں لکھی تھی اٹھارہ برس کی عمر میں آپ نے صنعت عاطلہ میں متعدد عربی قصیدے لکھے اور ایک قصیدۂ نعتیہ کی شرح میں ایک کتاب بنام انوار عظیم ۱۲۷۸ (تاریخی نام) شایع ہوئی۔ اس کتاب پر شہر مدراس بنگالہ اور دوسرے اضلاع کے چالیس معتبر اور جلیل القدر علماء نے تقریظیں لکھی ہیں۔ گورنروں اور ممبران کونسل کے خطوط سے معلوم ہوتا ہے کہ آپکی شرافت اور خصوصیات علمی واخلاقی وخدمات قومی وغیرہ کی گورنمنٹ میں کسقدر قدر کیجاتی تھی۔ آپ مدراس یونیورسٹی کے فلو میونسپل کمشنر اور مختلف انجمنوں کے صدر نائب صدر اور سکریٹری تھے۔ افسوس ہے کہ سنتالیس برس کی عمر میں آپنے رحلت فرمائی۔ آپکے قومی کارنامے بالتفصیل بیان کرنے کے لئے ایک الگ دفتر درکار ہے۔ میں نے حضرت ممدوح کی سوانح عمری بنام "مختصر حالات امیر" لکھی ہے جو انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب شائع ہوگی۔

میری شادی ہز ہائنس نواب ظہیر الدولہ بہادر دوم پرنس آف آرکاٹ کی نواسی سے ہوئی ہے۔ نواب صاحب موصوف کو جی سی ایس۔ آئی کا خطاب تھا اور وہ پندرہ توپوں کی اعزازی سلامی سے بھی ممتاز تھے۔ گورنران مدراس اور ویسرایان ہند کی بیویاں میری خوشدامن صاحبہ کے ہاں ملاقات بازدید کے لئے آیا کرتی تھیں۔

فضال حقیقی جلشانہ کے فضل سے میں نے اپنی عمر کا بہاری حصہ علمی مشاغل اور تحصیل السنۂ مختلفہ میں صرف کیا ہے۔ انگریزی میں ترجمۂ اعلیٰ (ٹرانسلیشن ہیئر) کے امتحان میں بدرجۂ اول کامیابی حاصل کی ہے۔

فی الحال فارسی اور اردو میں میری متعدد تصانیف موجود ہیں جس میں صرف دو کتابیں

یعنی "مخزن سعادت" (مجموعۂ نعت و منقبت فارسی) اور "گوہر آبدار" (دیوان اردو) طبع ہوکر اہل علم کی خدمات میں ہدیتاً روانہ ہوییں۔ جوہر شناسان سخن نے گوہر ہیچمیرز کی بیحد قدر افزائی فرمائی جسکی بہت سی تحریری اسناد موجود ہیں۔ انگریزی میں بھی ایک رسالہ طبع ہو چکا ہے جو سر آرتھر ہاولاک سابق گورنر مدراس کی سوانح حکومت پر مشتمل ہے۔

فن شاعری میں مجھے دھلی کے دو مشہور استادوں یعنی حضرت فصیح الملک داغ دھلوی اور حضرت استاد ظہیر دھلوی سے تلمذ رہا۔

دو سال کے آگے ارکین خاندان کرناٹک نے مجھے حیدرآباد میں اپنا نائب مقرر کیا اور اعلیحضرت قدر قدرت خداوند نعمت نوشیروان معدلت دارا شوکت سکندر صولت سلیمان حشمت ظل سبحانی بندگانعالی متعالی حضور عظمت معمور امیر المومنین ہندو دکن ہز ہائنس نظام الدولہ نظام الملک نواب میر عثمان علیخان بہادر فتح جنگ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی آصف جاہ سابع سلطان دکن خلد اللہ تعالی ملکہ و سلطنتہ نے براہ مراحم خسروانہ و نوازشات شاہانہ اس نیابت کو شرف قبول بخشا۔ اس نیابت کے متعلق حضور پرنس آف آرکاٹ عالیجناب معلی القاب ہز ہائنس نواب سر غلام محمد علیخاں بہادر عظیم جاہ کے۔ سی۔ آئی۔ ای دام اقبالہ و ضاعف اجلالہ کے انگریزی خط کا ترجمہ (اس خط کی صحیح نقل اس رسالہ کے آخر میں منسلک ہے) اور مخبر دکن مدراس مورخہ ۱۶ رجولائی ۱۹۱۳ء کی رائے ذیل میں مرقوم ہے:۔

ترجمہ خط مذکور:۔ ۷ رجون ۱۹۱۳ء "ہز ہائنس نواب اعظم جاہ نواب دوم کرناٹک کے پڑنواسے مولوی محمد منور صاحب بہادر گوہر کو اونکی قابلیت اور کیارکٹر کے باعث مدراس کی کرناٹک فیملی نے اپنی جانب سے ہز ہائنس اعلیحضرت حضور نظام خلد اللہ تعالی ملکہ کے دار الخلافت اور دربار میں نیابت کرنے کے لئے مقرر کیا ہے"۔

میں حضور پرنس آف آرکاٹ کیطرف سے اس بات کا اظہار کرنے کیلئے مامور ہوا ہوں کہ آپ اس انتخاب کی بیحد قدر کرتے ہیں اور اوسکو وضع الشی فی محلہ کا مصداق سمجھتے ہیں

آپ صاحب موصوف کی ہر قسم کی کامیابی کے خواہاں ہیں"۔

حسب الحکم (دستخط) اعظم حسین خاں ۔ پرائیویٹ سکرٹری پرنس آف آرکاٹ

مخبر دکن مدراس مورخہ ۱۶ ؍ جولائی ۱۹۱۳ء ۔ نائب خاندان کرناٹک کی منظوری

"مدراس میں شاہی خاندان کرناٹک ایک تاریخی طبقہ ہے اور اوسکے معزز اراکین نے ۵ مئی کو ایک عرضداشت سرکار عالی میں پیش کی تھی کہ انکی جانب سے بلدۂ حیدرآباد میں نواب محمد منور خاں صاحب گوھر کو نائب مقرر کیا جائے ۔ ہمیں نہایت مسرت کیساتھ اطلاع ملی ہے کہ سرکار عالی نے بذریعۂ مراسلہ نشان (۱۱۸۴۳) بدستخط نواب فریدوں جنگ بہادر اس تقرر کی منظوری کا حکم صادر فرمایا ہے ۔ نواب صاحب موصوف کو ہم مبارکباد دیتے ہیں ہم یقین کرتے ہیں کہ حیدرآباد کی علمی سوسائٹی میں وہ ایک دلچسپ اضافہ ثابت ہونگے ۔ نواب گوھر صاحب کی طبیعت میں شاعر کا ذوق سلیم فطرتی ہے اور اونکا وجدان فکر حقیقی عنصر ہے ۔ وہ ایک حاضر طبع شاعر ہونے کے علاوہ بہت اچھے نثار بھی ہیں"

"مدراس میں بہت سی علمی اور مذہبی انجمنوں کیساتھ تعلق تھا خصوصاً "اردو سوسائٹی" کے وہ نائب صدر بھی تھے اور اس ممتاز حیثیت میں اُنھوں نے زبان اُردو کی اعلیٰ خدمات انجام دی تھیں ۔ انکا ایک دیوان طبع ہو چکا ہے اور اب بھی متفرق اشعار متفرق رسالوں میں شائع ہو رہے ہیں ۔ نواب صاحب کو فارسی کا بھی مذاق ہے اور اونکی چند نظمیں حال ہی میں ہمنے شائع کی تھیں ۔ ہم امید کرتے ہیں کہ وہ اس منصب کے موزوں ثابت ہونگے"۔

پیارے ناظرین ! حضرت اقدس و اعلیٰ کی تخت نشینی کے زمانہ سے ابتک میں نے مختلف فارسی اور اردو نظمیں عرض کی ہیں اور نثر میں بھی ایک رسالہ بزبان فارسی لکھا ہے ۔ اب تمام نظم و نثر کو ایک جا فراہم کرکے اوسکو بنام گوھرِ عثمانی حصۂ اول موسوم کیا ہے اور اوسکا تاریخی نام "باغ رنگیں" رکھا ہے ۔ اس مجموعہ کو بتقریب سالگرہ ہمایوں بارگاہ خسروی میں نہایت ادب سے ساتھ ۱۳۳۲ھ نذر گزراننے کا افتخار حاصل کرتا ہوں ع

گر قبول افتد زہے عز و شرف -

حضرات! آپ جانتے ہیں کہ ریاست حیدرآباد فرخندہ بنیاد ایک ایسی عظیم الشان اسلامی ریاست ہے کہ جسکی نظیر ہندوستان بھر میں نظر نہیں آتی۔ اسکے علاوہ یہاں کے سلاطین کی عدیم المثال فیاضی اور نامحدود رحمدلی ہنر پروری اور قدر شناسی کی تمام عالم میں شہرت ہے یہی سبب ہے کہ حیدرآباد زمانۂ دراز سے مختلف بلاد ہند کے مسلمانوں کا مرکز امید اور مدار کامیابی ہے اور ہزاروں اہل اسلام اس سرکار کے فیض یافتہ اور نمکخوار ہیں۔ مجھ پر بھی اس سرکار ابد قرار کے وہ احسانات ہیں کہ جنکے شکریہ میں میری زبان قاصر ہے۔ ذیل کے چند واقعات سے اس دعوے کی تصدیق ہوتی ہے :-

(۱) میرے مورث اعلیٰ نواب شہامت جنگ حاجی محمد انورالدین خاں شہید حضرت آصف جاہ اول انار اللہ تعالیٰ برہانہ کے ہمراہ دہلی سے حیدرآباد آئے اسکے بعد چند سال فرمانروائے کرناٹک رہے اور آخر میں جام شہادت نوش کیا۔ حضرت آصف جاہ آپکی وفاداری اور دوسری خصوصیتوں کی بہت قدر کرتے تھے جسکا تاریخی ثبوت موجود ہے آپکے مختصر حالات دبدبۂ آصفی مورخہ ۶ ہر ذی قعدہ ۱۳۲۲ھ میں مندرج ہیں۔ حیدرآباد میں بمقام آصف نگر آپکا مقبرہ موجود ہے۔

(۲) ۱۲۷۱ھ میں سرکار آصفیہ نے میرے نانا کے حقیقی دادا انوارالدولہ انوارالدین علیخاں بہادر افراسیاب جنگ کو (جو نواب انورالدین خاں شہید کے معزز اور شریف پوتے تھے) باغات اور عمارات متعلقۂ نواب صاحب موصوف واقع دبیرپورہ جو سرکار میں ضبط ہو گئے تھے دوبارہ مرحمت فرمائے۔ فرمان شاہی کی نقل حسب ذیل ہے :-

نائبان نظامت و دیوانی و کوتوالی و کروڑ و داروغۂ باغات و منازل نزول وغیرہ حکام و متصدیان حال و استقبال بلدۂ فرخندہ بنیاد بدانند حویلی ہا و باغات وغیرہ املاک انورالدین خاں مرحوم واقع محلۂ دبیرپورہ بلدۂ مذکور را کہ در ضبط سرکار بود در ینولا بمقتضائے

عاطفت بشہامت پناہ انوار الدولہ انوار الدین علیخان بہادر افراسیاب جنگ نبیرۂ خان مرحوم مرحمت فرمودہ شد باید کہ خان مذکور را و فرزندان مشار الیہ را مالک و وارث بالتحقیق دانستہ ہیچ وجہ مزاحم از منازل حویلی ہا و باغات وغیرہ نشدہ بتصرف ممکن خانِ مذکور وا گزارند۔ درین باب تاکید اکید شناسند۔ سوم جمادی الاول ۱۱۷۴ھ قلمی شد۔

(۳) میری دادی کے ننہال کے اکثر رشتہ دار یعنے نواب منیر الملک وزیر دکن کے خاندان کے افراد اس ریاست میں ہمیشہ معزز و محترم اور برسرِ حکومت رہے ہیں۔

(۴) ۱۳۲۳ھ میں تقریب جوبلی میں نے اعلیحضرت غفران مکان کے حضور میں نذر پیش کرنے اور قصیدہ پڑھنے کا فخر حاصل کیا تھا۔

(۵) آج کل میں بحیثیت نائب خاندان کرناٹک بلدۂ حیدرآباد فرخندہ بنیاد میں اعلیحضرت بندگانعالی متعالی مدظلہم العالی کے زیر سایۂ عاطفت سکونت گزیں اور حضرت اقدس و اعلی کی مدح سرائی اور دعائے دولت و اقبال میں مصروف ہوں اور مجھے پیشگاہ خداوندی سے متعدد عطیات مرحمت ہوئے ہیں۔

اب میں طول کلامی کی معافی مانگتا ہوں اور اس شعر پر دیباچہ کو ختم کرتا ہوں ؎

ہوش گر بخطا رسی و طعنہ مزن
کز ہیچ نفس بشر خالی از خطا نبود

حیدرآباد دکن
۱۷ رجب المرجب ۱۳۳۳ھ

الملتمس
اضعف العباد اللہ الاکبر محمد منور خاں گوہر

ہوا پھر عالم افروز آفتابِ فضلِ یزدانی — دکھایا صبحِ عشرت نے پھر اپنا رُخِ نورانی

دیا ہر گل کو زر ہر نخل کو خلعت ہرا بخشا — بہار اب کر رہی ہے گلشنِ عالم میں سلطانی

بہار آئی یہ مژدہ باغباں دیتا ہے گلچیں کو — چمن میں آج اک اک شاخ ہے محوِ گل افشانی

بہارِ دلفریبی جلوہ گر ہے خندۂ گل سے — عیاں ہے نغمۂ بلبل سے اندازِ غزلخوانی

دکھاتا ہے بہار اپنے قدِ رعنا کی تن تن کر — ہوی ہے سرو کو قمری کا دل لینے میں آسانی

کوئی مستِ ترنم ہے کوئی مستِ تبسم ہے — بہارِ باغ ہے اب غنچہ و بلبل کی دیوانی

غنی و مفلس و ملا و جاہل سب ہیں متوالے — مئے عشرت کی ہے خمخانۂ عالم میں ارزانی

نسیمِ صبحدم نے تازگی ہر پھول کو بخشی — بھرا ابرِ کرم نے ہر شجر کی جڑ میں اب پانی

کیا ہے کشتیٔ درد و الم کو غرق اک دم میں — ہوی ہے قلزمِ عیش و طرب میں ایسی طغیانی

دکن کے شاہ کی مسند نشینی رنگ لائی ہے — بہارِ عیش کی باغِ جہاں میں ہے گل افشانی

تصدقِ حیدرؓ و عثمانؓ کا اب عثماں علیخاں کو — عطا کی حیدر آبادِ دکن کی حق نے سلطانی

کرے وردِ زباں نام اس عزیز الخلق سلطاں کا — جسے منظور ہو دل میں خلایق کے جگہ پانی

سناتا ہوں نیا مطلع سنوں گا مرحبا دس سے
کہ جسکے دل کے آئینے میں ہو عکسِ سخندانی

مطلع

سکندر کو بھی شکلِ آئینہ ہے اس سے حیرانی
وہ آئینہ سکندر جاہ تجھ کی ہے پیشانی

عجب کیا ہو اگر طالب ہما حضرت کے سایہ کا
کہ وہ ادنیٰ سا طائر ذاتِ اقدس ظلِ سبحانی

خدا رکھے تمہارے گوہرِ فطرت کا کیا کہنا
بھرے ہیں اس میں لاکھوں جوہرِ اخلاقِ انسانی

حسینانِ جہاں اس حسنِ صورت پر تصدق ہیں
ہوا پر تو فگن شاید فروغِ ماہِ کنعانی

شہا تہذیب و علمِ مغرب و مشرق میں یکتا ہو
دکن پنجاب لندن ایشیا یورپ کا ہو ثانی

سیادت نے بھی عزت دی ریاست نے بھی دولت دی
ملی عقبیٰ کی سرداری ملی دنیا کی سلطانی

رخ و عارض کے جلوہ ہی سے نامِ حسن روشن تھا
ہوئی نور علی نور اس پہ یہ پر تو پیشانی

بشارت دے رہی ہے دورِ دارا و سکندر کی
تری رسمِ جہاں داری تری طرزِ جہانبانی

تری دریا دلی کی مدح نے یہ آبرو دی ہے
کہ اک اک شعر میں گوہر نے کی ہے گوہر افشانی

وہ ہے تابع تمہارا اور تم کو ظلم سے نفرت
یقیں ہے اب کرے گا آسمان ترکِ ستم رانی

تری حکمت کو افلاطون کی حکمت سے نہیں نسبت
کہ ہے یہ نور وہ ظلمت یہ دانائی وہ نادانی

اٹھا دستِ دعا گوہر کہ ادعونی ہے قرآں میں
ملے گا مدعا لاتقنطوا ہے حکمِ ربانی

طفیلِ کوکبِ حلم و حیا عثمانؓ ذی النورین
رہے روشن الٰہی اخترِ اقبالِ عثمانی

تصدق پنجتنؑ کا آصفِ ہفتم رہے برسوں
سریر آرائے دولت زیب بخشِ تختِ سلطانی

کریں اونکی حمایت دو جہاں میں اولیاء اللہ
رہیں اونکے معاون غوثِ اعظمؓ شاہِ جیلانی

خوش و خرم رہیں ہماریں میں شاہ و شہزادے
عطا ہو سب کو عمرِ نوحؑ و اقبالِ سلیمانیؑ

سخاوت میں شجاعت میں سیاست میں عدالت میں
جہاں میں حشر تک ضرب المثل ہو عہدِ عثمانی

۲	قصیدۂ دوم اردو	۲۱
	مدح شاہِ عثماں کامراں	
	۳۱ ھ ۱۳	

نظر میں کھب گئی مستی کسی کی چشم شہلا کی
نہیں ممکن رہے دل میں ہوس اب جام صہبا کی

اسی رشکِ چمن گل پیرہن کا مجھکو دھیان آیا
بہارِ گل تماشائی ہے جسکے روئے زیبا کی

خرامِ ناز پر اوس سرو قد کے دل سے قرباں ہوں
قیامت پر قیامت ہر قدم پر جس نے برپا کی

ہزاروں دل لئے جسکی نگاہِ عشوہ پرور نے
ادائیں یاد آتی ہیں مجھے اوس شوخ رعنا کی

لبِ جاں بخش پر اوس دلربا کے مرمٹا ہوں میں
ہوئی پھر دھوم جسکے دم سے اعجازِ مسیحا کی

زمیں سے تا فلک روشن کیا ہے جسکے جلوہ نے
محبت کر گئی ہے دل میں گھر اوس ماہ سیما کی

عجب کیا اوس پری پیکر کی صورت ہو اگر دلکش
یہ ہے تصویر اخلاقِ حمیدہ شاہِ والا کی

شہ ملکِ دکن عثماں علیخاں آصفِ ہفتم
کہ جسکی ذات سے ہے آبرو اخلاقِ حسنیٰ کی

ترے گوہر ثنا و مدح حاضر ہیں بنا مطلع
تصدق آبرو جس پر ہو سلکِ دُرِ یکتا کی

مطلع

گہرباری نکیوں ضرب المثل ہو دستِ والا کی
کہ ہے اس گوہر افشانی سے ہمت پست دریا کی

تری رفعت تری شوکت کے ہم ہیں دیکھنے والے
سنے کون اب کہانی حشمتِ جمشید و دارا کی

عدالت پر ترا احسان ہے اے داد گر سلطاں
ہوئی بنیاد مستحکم جہاں میں عدل کسریٰ کی

طلب سے عار ہے بے مانگے تو دیتا ہے لاکھوں کو
نہ کیوں مشہورِ عالم ہو سخاوت ایسے داتا کی

ترے عہدِ ریاست کی سعادت روز افزوں ہے
ترقی پر ترقی ہو رہی ہے ساری دنیا کی

خدا نے آپ کو تمغہ دیا ہر دلعزیزی کا
ثنا خواں رات دن ہے ہر بشر کوئی نہیں تنہا کی

مسلماں کیوں نہ تجھکو ناصر ملت کہیں شاہا
تجھے منظور ہے ہر دم حمایت دین غرا کی

رعیت پروری نازاں نہ کیوں ہو ذات اقدس پہ
ہمیشہ کوششیں ہوتی ہیں بہبود رعایا کی

اٹھا دست دعا گوہر نہیں تاخیر کا موقع
اجابت انجمن آرا ہے اس بزم طرب زا کی

رہے تاباں تمہارا کوکب اقبال عالم میں
فلک پر روشنی جب تک رہے عقد ثریا کی

ثمر بخش جہاں جب تک نہال باغ مقصد ہے
بہار افزا ہو سرسبزی ترے نخل تمنا کی

مے دولت سے ساغر آپ کا خالی نہ ہو ہرگز
خراباتی منائیں خیر جب تک جام صہبا کی

۳ قصیدہ سوم اردو ۴۵

میں نے دیکھے خواب میں دو قصر دلکش پر بہار
تھے فروغ عیش سے دونوں برابر نور بار

دونوں آرائش میں یکتا دونوں آسایش میں طاق
دلفریبی اوس پہ قرباں دلکشی اس پر نثار

حسن میں بے مثل ہر ایوان رشک بوستاں
قدرت حق تھی نمایاں صنعت حق آشکار

شمع کافوری تھی روشن جس طرف دیکھا وہاں
روشنی بجلی کی تھی ہر جا کنول تھے بیشمار

سامنے ہر قصر عالیشان کے صحن پر فضا
صحن میں گلزار جس میں لالہ و گل کی بہار

ہر روش پر اک چمن ہر جا طرب کی انجمن
جشن جم اس پر فدا باغ ارم اس پر نثار

مطربان خوش گلو کی نغمہ سنجی جا بجا
مہوشان خوبرو کی ہر طرف دلکش بہار

بزم عشرت کی مچی وہ دھوم وہ ڈنکے بجے
وجد میں آتی تھی زہرہ آسماں پر بار بار

بادہ نوشی کا مہیا ہر طرف سامان تھا
جھومتی تھی نشہ میں گلشن کی ہر اک شاخسار

بے پیے رندوں کو دیکھے ہی سے آتا تھا سرور
تھی مے گلرنگ ہر شیشہ میں کیسی آبدار

عشرت افزا غم ربا ہیں شاد جس سے جان و دل
وہ مے گلگوں وہ سیر گل وہ ساقی گلعذار

باغ میں گل کھل رہے تھے عطر بیزی بزم میں
انجمن مثل چمن تھی عنبر افشاں مشکبار

میں ہوا حیراں جو دیکھا یہ مسرت کا سماں
پوچھا لوگوں سے کہ کیوں ہے آج سامان بہار

بولے وہ۔ سب مرد و زن مستِ شرابِ عیش ہیں ۔۔۔ ایک تو ہی بے خبر ہے ایک تو ہی ہوشیار
تو نے دیکھے ہیں جو دو قصرِ فلک رفعت یہاں ۔۔۔ زیب و آرایش ہے جنکی انتخاب روزگار
آج ان دونوں میں دو جشنِ طرب ہیں جلوہ گر ۔۔۔ جشن ایسے آسماں نے بھی نہ دیکھے زینہار
خسروِ ملکِ دکن کے اور اک بیٹا ہوا ۔۔۔ جشن اوسکی تہنیت کا ہے بفضلِ کردگار
شاہ کے شہزادۂ ثانی کی بسم اللہ ہے ۔۔۔ جشن ہے یہ دوسرا برسوں رہیگا یادگار
چونک اٹھا جب سنا یہ مژدہ میں نے ناگہاں ۔۔۔ خوش ہوا یہ مدح گو یہ مدح خوان یہ جاں نثار
اک نیا مطلع کہا جو ہے منور مہر ساں ۔۔۔ جسکا ہر مصرع ہے مثلِ سلکِ گوہر آبدار

مطلع

آپ کے قدموں پہ اے عالی گہر والا تبار ۔۔۔ تہنیت کے گوہرِ شہوار کرتا ہوں نثار
ہو مبارک ہو ہمایوں آج کا دن آپ کو ۔۔۔ یہ خوشی یہ عیش کے جلسے یہ جشنِ پر بہار
ہو یہ نو مولود شہزادہ خدا کے فضل سے ۔۔۔ لطف سے حضرت تقی حضرت علی کے کامگار
نامور شہزادہ جسکی تسمیہ خوانی ہوئی ۔۔۔ نام سے جسکے شجاعت ہے علی کی آشکار
اسکو یزداں شہسوارِ عرصۂ دولت کرے ۔۔۔ ہو بہادر شیر دل بہرِ شہِ دلدل سوار
مدح میں سرکار کی اک اور مطلع عرض ہے ۔۔۔ اے نظام الملک اے عثمانِ علیخاں تاجدار

مطلع

جسم ہے شہرِ دکن تو جان ہے اے شہریار ۔۔۔ یہ چمن شاداب ہے تو اس چمن کی ہے بہار
تیر زن گو سیکڑوں ہیں تم سا صید افگن کہاں ۔۔۔ اک اشارہ ہی میں کر لیتے ہو لاکھوں دل شکار
آصفی گلشن ریاضِ سلطنت باغِ دکن ۔۔۔ تیرے قدموں سے بڑھی ہے ہر گلستاں کی بہار
رستمِ دوراں کہا کرتے ہیں سب دنیا کے لوگ ۔۔۔ آپ میدانِ شجاعت کے ہیں ایسے شہسوار

جوہر مردانگی اوس تیغ کے قبضہ میں ہے
تیرے قبضہ میں ہے شاہا ایسی تیغ آبدار

ہی خجل اس سے چمن شرمندہ ہے اس سی ختن
نافہ خلق حسن ہے غیرت مشک تتار

رنگ لائے آپ کے رخسار رنگیں باغ میں
خار حسرت سے ہوا گل کا گریباں تار تار

رات دن تیرے عدو کی پائمالی کے لئے
کر رہا ہے شوخیاں یہ ابلق لیل و نہار

یہ عنایت یہ عقیدت دونوں ہیں ضرب المثل
تو رعایا کا ہے یاور وہ ہے تیری جان نثار

اک ہوا تیرے نسیم لطف کی باد سحر
ایک قطرہ تیرے بحر فیض کا ابر بہار

ہے خوشی خنداں کہ سب دلشاد ہیں خوشحال ہیں
غم ہوا نالاں کہ اب میں ہو گیا ہوں دلفگار

اسکی بارش عارضی اوسکی نوازش ہر گھڑی
ابر نیساں دست فیضاں سے نہ کیوں ہو شرمسار

سب جہاں دربار فیض آثار سے ہے بہرہ ور
ناامید اس در سے پھرتا ہے نہیں امیدوار

ہے کرم پر لطف تیرا فیض پر تیرا کرم
تجھ سے بخشش کو شرف ہمت کو تجھسے افتخار

ایسا دعا کرتا ہے گوہر صدق سے اخلاص سے
اے مرے رب اے مرے خالق مرے پروردگار

یہ زمیں جب تک رہے یہ آسماں جب تک رہے
ہو زمیں والوں پہ لطف خسرو گردوں وقار

یہ شہ ذیشاں رہے جب تک زمیں پر حکمراں
تابع فرماں رہیں ہفت آسماں لیل و نہار

اوسکے قدموں سے ملے رفعت زمیں کو چرخ کی
اوسکی شان برتری سے ہو فلک بھی شرمسار

اوسکے بدخواہوں کو مٹی میں ملائے آسماں
سربلندی سرفرازی پائیں اوسکے جاں نثار

۴۵	قصیدہ چہارم اردو	۴

میں بھی ہوں میکدۂ عشق کے سرشاروں میں
کیف یہ کب ہے خرابات کے میخواروں میں

یہ وہ مے ہے جسے صوفی بھی پیا کرتے ہیں
ہے گنہ عشق تو میں بھی ہوں گنہگاروں میں

رات دن بیخود و مدہوش رہا کرتا ہوں
میں وہ غافل ہوں گنا جاتا ہوں ہشیاروں میں

محفل مہر و محبت ہے منور ہم سے
نام روشن ہے ہمارا بھی وفاداروں میں

دم جو بھرتے ہیں زمانے میں مسیحائی کا
وہ بھی اوس رشکِ مسیحا کے ہیں بیماروں میں

مثلِ فرہاد کروں دشت نوردی پھر کیوں
اپنا معشوق تو پنہاں نہیں کہساروں میں

کی ہے تعمیر کہنِ عشق کی جس نے ترمیم
نام اپنا بھی ہے اس قصر کے معماروں میں

خنجرِ عشق کے کشتے کبھی مرتے ہی نہیں
ایسا جوہر ہے چمکتی ہی تلواروں میں

دلِ پر درد کا ہمدرد نہیں ہے کوئی
غمِ جاں کاہ فقط ایک ہی غمخواروں میں

داغ کی آگ نہ بھولے سے جلائے جسکو
دل وہ جل جائے دہکتے ہوئے انگاروں میں

جمع ہوتے نہیں اوراقِ پریشاں اسکے
یہ ہی لکھا دلِ عشاق کے سیپاروں میں

داغ کے پھول کے گجروں سے ہوا سکی رونق
رنگ لایا ہے دلِ زار انھیں ہاروں میں

عشق کی راہ میں ہیں شیخ و برہمن یکساں
فرق کچھ بھی نہیں تسبیح میں زناروں میں

غم کوئی ہے جسکو نہ ملے آزادی
وہ نہیں دامِ محبت کے گرفتاروں میں

ذکرِ غم کا ہے عبث یہ تو خوشی کے دن ہیں
عید ہی عید مسرت کے طلبگاروں میں

شاہ عثمان علیخاں کی جو ہے سالگرہ
ہر طرف تازہ بہار آئی ہے گلزاروں میں

گوھو اک مطلعِ دلچسپ سناؤ جسکی
قدر اب جنسِ سخن کی ہو خریداروں میں

مطلع

منتخب آصفِ سابع ہے جہانداروں میں
ہے یہی ذکر سلاطیں کے درباروں میں

رخِ سرکار سے پھر گرم ہے بازار اوسکا
دھوم جس حسن کی تھی مصر کے بازاروں میں

حیدرآباد بھی ہے کیا چمنِ روح فزا
تازگی اوسکی کہاں ہند کے گلزاروں میں

شاہ کی دادرسی کے ہیں جہاں میں چرچے
مشورے رحم کے ہوتے ہیں جفاکاروں میں

کیوں نہ عثماں علیخاں کو ہو نصرت حاصل
کہ ہیں عثمانؓ و علیؑ اونکے مددگاروں میں

کیا تجمل ہے سواریِ جلوسِ شہ کا
مثلِ جمشید ہزاروں ہیں عملداروں میں

کان و بستاں ہو کہ ہو قلزم و ابرِ نیساں
شہ کی سی فیض رسانی نہیں ان چاروں میں

کیوں نہوں اہلِ دکن تابعِ شرع و سنت
بادشہ خود ہے شریعت کے طرفداروں میں

مکہ مسجد میں حضور آئیں گے اب بہرِ نماز
یہ خوشی رہتی ہے ہر جمعہ کو دینداروں میں

دشمنوں کے بھی معاون ہیں حضورِ عالی
حوصلہ ہے یہ کہاں دوسری سرکاروں میں

جسکو حضرت کا قدمبوس سرافراز کرے
کیا تعجب ہے جو شامل ہو وہ سرداروں میں

جلوۂ حسن ترا اور حسینوں میں نہیں
نورِ خورشیدِ منور کا کہاں تاروں میں

لقبِ ظلِ خدا فضلِ خدا سے پایا
اب ہما ہے ترے سایہ کے طلبگاروں میں

طاقتِ منتظمہ شاہ کے خدام میں ہے
قوت موجدہ ہے غاشیہ برداروں میں

ہوتی رہتی ہے عماراتِ جدیدہ کی بنا
روز ہلچل سی رہا کرتی ہے معماروں میں

جاری ہوتے ہیں فرامین نئے اور مفید
ہم پڑھا کرتے ہیں ہر روز یہ اخباروں میں

آپ کے عہد میں وہ مکر و فریب اب نہ رہے
راستبازی کی ہوا چلتی ہے عیاروں میں

کی حمایت جو نیورسٹیِ مسلم کی
جوش پیدا ہوا تعلیم کے غمخواروں میں

پانچ لاکھ آصفِ سابع نے دیا ہے چندہ
تذکرے ہوتے ہیں ہر سمت یہی یاروں میں

لطفِ شاہی نے ستارہ مرا چمکایا ہے
اب سعادت ہے مرے غاشیہ برداروں میں

شاہِ جمجاہ کی توصیف کا پایا ہے شرف
آج اقبال ہے گوہرؔ کے خریداروں میں

عمر بھر وہ رہے مداحِ نظامِ ہفتم
اوسکی ہر نظم کی شہرت ہو طلبگاروں میں

جاں نثاری کی بدولت ہو فروغ اوسکو بھی
شاہ کے خیر سگالوں میں وفاداروں میں

اب تہِ دل سے یہ گوہرؔ کی دعا ہے یارب
مہرِ پرنور کی جب تک ہے ضیا تاروں میں

طالعِ شاہ میں برجیس بنے ہر اختر
نام کو بھی نہ نحوست رہے سیاروں میں

ہر گھڑی شاہ کے اقبال کے گلشن میں رہے
سال بھر جتنی بہار آتی ہے گلزاروں میں

باغِ عالم میں عدو کا گل مقصد پنہاں
یاس کے درد کے حسرت کے رہیں خاروں میں

شاہزادوں پہ رہے آپکا ظلِّ شفقت
جاہ و اقبال رہیں اونکے مددگار و معیں

۵	قصیدۂ پنجم اردو	۲۴

ہم اونھیں ماہ جبیں مہر لقا کہتے ہیں
دیکھئے شمس و قمر اب ہمیں کیا کہتے ہیں

لوگ اوس چشمِ فسوں ساز کو کیا کہتے ہیں
ہم اوسے صبر شکن ہوش ربا کہتے ہیں

میں نے مانا کہ دیا دل تو خطا ہے میری
جو ادا تم نے دکھائی اوسے کیا کہتے ہیں

نالہ سو بار کیا اون کو خبر تک نہوئی
اور پھر ہم اوسی نالہ کو رسا کہتے ہیں

آنکھ سے آنکھ ملاتے بھی ہو انجان بھی ہو
یہ جو ہے مہر تو پھر کس کو جفا کہتے ہیں

بیوفا کہتے ہیں مجھکو کہ تجھے اے ظالم
سن ذرا غور سے کیا اہلِ وفا کہتے ہیں

ناز سے اوس نے کہا فتنۂ محشر ہے یہی
میں نے پوچھا تری رفتار کو کیا کہتے ہیں

اشک و آہِ دلِ عاشق کا یہ مضموں ہے بنا
شہر الفت کی اوسے آب و ہوا کہتے ہیں

بولے وہ سامنے آکر کہ یہی ہے شوخی
چھپکے چلمن میں کہا اسکو حیا کہتے ہیں

دل لئے جاتا ہے اوس چاہِ ذقن کیجانب
ہم اسے خضر اوسے آبِ بقا کہتے ہیں

تم نے اپنے لبِ جاں بخش کا بوسہ نہ دیا
کوں سے درد کی پھر اسکے دوا کہتے ہیں

اور افسردہ ہوا دل جو ہوا اوسکی لگی
گلشنِ یار کو کیوں روح فزا کہتے ہیں

نہ گئی آہ مری بابِ اثر تک نہ گئی
پھر غلط کیا جو اسے پا بجا کہتے ہیں

اختلاف ایک ہی نقطہ کا ہے ہم دونوں میں
میں دعا کرتا ہوں وہ اوسکو دغا کہتے ہیں

اوس نے دامن کی ہوا دی تو کھلا غنچۂ دل
یہ ہوا وہ ہے جسے رشکِ صبا کہتے ہیں

جو برے ہوتے ہیں اچھوں کو بھی کہتے ہیں برا
جو ہیں اچھے وہ بروں کو بھی بھلا کہتے ہیں

دل یہ کہتا ہے چلو شاہ سے فریاد کرو
ہم جو اوس شوخ کو بانیِ جفا کہتے ہیں

شاہ وہ کون جو ہے زیب دہِ تختِ دکن
کہ جسے اہلِ جہاں ظلِّ خدا کہتے ہیں

مدح سرکار میں لکھتا ہوں وہ روشن مطلع
نور بخشی میں جسے مہر سما کہتے ہیں

مطلع

لوگ اِس خسروِ جم جاہ کو کیا کہتے ہیں
اخترِ برجِ شرف ماہِ عطا کہتے ہیں

میر عثمان علیخاں شہِ دریا دل ہے
اوسکو بحرِ کرم و فیض و سخا کہتے ہیں

یہ ہے اک ظلِ خدا اور وہ طائر ادنیٰ
سایۂ شاہ کو کیوں ظلِ ہما کہتے ہیں

دوسرا نام ترے ناخنِ تدبیر کا ہے
جسکو اربابِ خرد عقدہ کشا کہتے ہیں

اپنا گو دوست نہیں شہ کا ہوا خواہ تو ہے
دلِ بے مہر کو ہم سکا مردا کہتے ہیں

نظر شاہ میں ہے جوہر تالیف قلوب
کاہ ہر دل ہے اوسے کاہ ربا کہتے ہیں

لوحِ پیشانیِ سلطانِ دکن کہتی ہے
مجھکو آئینۂ اقبال نما کہتے ہیں

تیرے عارض کو ترے خال کو تیرے رخ کو
مہر تاباں۔ مہ پر نور۔ سہا کہتے ہیں

تجھکو کہتے ہیں سخی نیک بہادر۔ عادل
برمحل ٹھیک درست اور بجا کہتے ہیں

جادۂ راستی و عدل بنا شارع عام
تجھکو اس راہ کا اب راہنما کہتے ہیں

جسکو دیکھا ہوئی اوس شخص کی طینت کی خبر
ہاں اسے روشنیِ طبعِ رسا کہتے ہیں

حسنِ صورت کو ترے حسنِ عنایت کو ترے
دلربا کہتے ہیں اند وہ ربا کہتے ہیں

نغمۂ مدح یہ کہتا ہے دلِ سامع سے
شاد ہو جا کہ مجھے عیش فزا کہتے ہیں

ختم کرتا ہے قصیدہ کو دعا پر گوھر
اسکو آئین و شعار شعرا کہتے ہیں

شاہ کی عمر بڑھے شاہ کا اقبال بڑھے
سحر و شام یہی اہل دعا کہتے ہیں

قصیدۂ ششم تقریب

افتتاح مدرسۂ معینیۂ عثمانیہ اجمیر شریف خواندہ شد

مورد فضلِ خدا ہے کشورِ ہندوستاں
سرزمینِ ہند دارد ہمسری با آسماں
آستانِ خواجۂ اعظم کی رفعت دیکھئے
فرقِ خود بر خاکِ ایں در سودہ گردد سرفراز
یہ سعادت حق نے آصف جاہِ ہفتم کو بھی دی
خضرِ شوقش رہبرش گشت و سعادت یاورش
خواجہ صاحب کی سفارش سے خدا دیگا اوسے
در دو عالم خواجۂ اجمیر دارد از کرم
والیانِ ملک کو ہی ناز اوسکی ذات پر
شرع و سنت راست حامی دین و ملت را معیں
مدرسہ قایم کیا ہے شاہ نے اجمیر میں
از عنایاتِ نظامِ علم پرور دیں پناہ
آصف ہفتم سپہرِ برتری کے فیض سے
علملے سرگرمِ تحصیلِ علوم دینویست
جسطرف دیکھو اودھر دریا ہے آبِ شور کا
ہمچو نیساں گاہ گہ بارد سحابِ علم دیں
علم دیں کی ہے ضرورت آدمی کے واسطے
روشن است آئینۂ خلقِ حسن از نورِ علم
الغرض جس مدرسہ کا ذکر اب میں نے کیا

دیکھو اس جا جلوہ گر ہیں خواجۂ عرش آشیاں
جلوہ افروز است اینجا آفتابِ چشتیاں
دست بستہ با ادب آتے ہیں شاہانِ جہاں
طالعِ ہر کس کہ باشد با سعادت تواماں
حیدرآباد دکن سے آے ہیں اب وہ یہاں
جانبِ اجمیر آمد شاہِ عالی دودماں
جاہِ قیصر حشمتِ اسکندر اقبالِ کیاں
ایں جواں شاہ دکن را شادماں و کامراں
حضرت عثماں علیخاں میں ہیں لاکھوں خوبیاں
علم را جوہر شناس است و ہنر را قدرداں
جس میں دینی علم کی تعلیم ہوگی بے گماں
شد نظامِ علمِ دینی تخت آرا ے جہاں
ہے زمینِ علمِ دیں رفعت میں ہفتم آسماں
شایقینِ علمِ دیں را ہر کجا نبود نشاں
آبِ شیریں کی فقط نہریں ہیں عالم میں رواں
ابرِ علمِ دینوی باراں بعالم جاوداں
ہوں بدولت اسکی جوہر آدمیت کے عیاں
باشد از اخلاقِ حسنی فضلِ انسانِ جہاں
آج اوسکی افتتاحی رسم ہوتی ہے یہاں

گوہر اکنوں عذر خواہی میکند از اہلِ فضل
میکند بر نغمہ سنجی و دعا ختمِ بیاں

مدرسہ کے بانیٔ فرخ شیم پر رحم کر
اے خدائے دو جہاں اے خالقِ کون و مکاں

روز افزوں باد یا رب رونقِ ایں مدرسہ
از طفیلِ سرورِ عالم رسولِ انس و جاں

بانیٔ نامی کے حامی دین و دنیا میں رہیں
خواجۂ ذیشاں معین الدین معینِ بیکساں

ساغرش معمور باد و خنجرش منصور باد
باد نصرت ہمنشیں و باد عشرت ہمعناں

حاضرینِ بزم پر اس گوہرِ مداح پہ
خواجہ صاحب کا رہے ابرِ کرم گوہر فشاں

۷	قصیدۂ [illegible] فارسی	۳۰

چو شد قبای ترا و اشبِ وصال گرہ
نماند در دلِ من باز از ملال گرہ

گرہ زد است برابروِ نگار بدر جمال
عجب کہ ماہ فگند است در ہلال گرہ

بہ الفتِ گرہِ خالِ تو گرفتارم
ز داغہا بدلم ہست خال خال گرہ

حکایتِ غمِ ہجر است ایں شکایت نے
چرا بابروے تست اے پری جمال گرہ

اگر بناز بخندی شود چو گل خنداں
دلم کہ غنچہ صفت ہست از ملال گرہ

گرہ بہ گیسوے تو مانعِ خلاص بود
اسیرِ زلفم و باشد مرا وبال گرہ

بنیم غمزۂ حیرت ہمہ کشادہ شود
بکارِ من گر افتاد است صد محال گرہ

کشادِ بندِ قبایت کشاد عقدۂ من
کشادہ شد ز گرہ در شبِ وصال گرہ

ہزار غنچہ بخندید وائے بہ دلِ من
کہ ہست در غمِ ہجرِ تو از ملال گرہ

غمِ فراقِ تو آرے بود ملال افزا
ببیں بہ میمِ ملال است از ملال گرہ

رسید فصلِ طرب ذکرے از ملال چرا
کہ پادشاہ دکن راست رسمِ سالگرہ

شہے کہ ناخنِ الطافِ او بچشم زدن
کشاید اہلِ جہاں را ز پیں نوال گرہ

چہ عام گشت کشایش بفیضِ ایں شادی
ز کارِ خلق شدہ باز ہر محال گرہ

به اوجِ کنگرهٔ مدحِ او چگونه رسد — که هست طایرِ فکرِ مرا ببال گره

زبانِ حاسدِ بدگوے عیب‌جوئیش را — فتد بوقتِ سخن چون زبانِ لال گره

به بحر از صدف و در صدف بود ز گهر — ز رشکِ بخششِ سلطانِ ذی نوال گره

بیک اشارهٔ قدرتش بکارِ اہلِ ستم — سپہر افگند از ناخنِ ہلال گره

بیک کرشمهٔ لطفش نگاهِ مہر تباں — کشاید از دلِ عشاقِ خسته‌حال گره

شہا بود بلبِ گوہرِ ثنا خوانت — نواے تہنیتِ این خجسته فال گره

دعاے اوست که افتد برشتهٔ عمرت — گره موافقِ اعدادِ رسمِ سالگره

۸ — قصیدهٔ ہشتم فارسی المسمیٰ به گوہرِ ہمت — ۳۸

بخواب اندر شبے دیدم پری پیکر قمر سیما — رخش روشن لبش رنگین خطش دلکش قدش رعنا

رخش از یاسمن خوشتر لب از لعلِ یمن خوشتر — خطِ او روکشِ ریحان قدِ او غیرتِ طوبےٰ

صفا آئینِ جبینِ او تجلی خوشه‌چینِ او — درخشان است و تابان عالم افروز است و نورافزا

دو رخسارش گل و لاله رخش ماه و خطش ہاله — خرامش فتنه انگیز و قیامت خیز و آفت زا

لبِ او خنده زن چون گل فدایش خلق چون بلبل — چو سنبل پیچ خمش کاکل چو نرگس چشمِ او شہلا

تکلم جان فزا باشد تبسم دلربا باشد — از ان عشرت گزین دلہا وزین راحت قرین جانہا

ادایش ناز پرور نازِ او باشد ادا گستر — نگاہش مہر افزا غمزهٔ او می‌برد دلہا

بچشمش جلوهٔ مستی چه مستی مستیِ وافر — جہانے مست بے ساغر چه ساغر ساغرِ صہبا

ندیدم در جہان گاہے چنین غیرت دہِ ماہے — بخوبی بہتر از خوبان به محبوبیت بے ہمتا

از و نامش چو پرسیدم بخندید و بگفت اینک — منم تصویرِ اخلاقِ حمیده شاهِ والا را

امیر المومنینِ ہند سلطانِ دکن کز وے
خجل در عدل و داد و جود و ہمت حاتم و کسرا
بگوشم خورد چوں ایں مژدہ من برجستم از شادی
چکید از خامۂ مدحت طرازم مطلعِ زیبا

مطلع

بصولت مثلِ اسکندر بہ رتبت ہمچو جم یکتا
بشوکت ثانیٔ قیصر بہ حشمت ہمسرِ دارا

عطا بر گوہرش نازاں دلش بحریست بے پایاں
درافشانست چوں نیساں گہر ریزاست چوں دریا

جواں مرد و جواں سال و جواں بخت و جواں دولت
جہانگیر و جہانباں و جہاندار و جہاں آرا

قدر قدرت قوی شوکت فلک رفعت ملک سیرت
قمر پیکر بلند اختر فریدوں فر سریر آرا

بچرخِ سلطنت رانی مہِ رخشاں مہِ کامل
بہ ملکِ حسن لاثانی شہِ ذیشاں شہِ والا

جہانداری بود احساں پذیرِ کلکِ زرریزش
جہانگیری رہینِ منتِ شمشیرِ جاں فرسا

سیاست کامگار از وے فراست نوربار از وے
عدیلِ اوست نایاب و مثیلِ اوست ناپیدا

شجاعت ہمعنانِ او شہامت رازدانِ او
سخاوت میہمانِ او عدالت پاسبانِ او را

بود ایں ظلِ سبحانیؒ مطیعِ حکمِ ربانیؒ
ہزاراں شکرِ یزدانیؒ چنیں سلطان ست آں شاہِ ما

مطیعِ شرع و سنت حامیِ دیں ناصرِ ملت
ز ہر فعل و ز ہر قولش ہویدا معنیٔ تقوے

نظام الملک میر عثمان علیخاں آصفِ ہفتم
سکندر جاہ محبوبِ خلایق افضل و اعلیٰ

شہا گوہر فشانی دعا ہا می کند گوہر
اجابت زانکہ چوں نیسانست گوہر بار و دریا

کند لبریز گوہر دامنت ابرِ نوالِ حقؒ
گہر تا آبرو دارد بود تا درفشاں دریا

ز کانِ فیضِ باری گوہرِ مقصد بکف آری
کنی جیبِ امیدِ اہلِ حاجت پُر ز گوہرہا

کنی ہر قطرہ را پر آب مثلِ گوہرِ غلطاں
دہی رنگینیِ لعلِ یمن ہر سنگِ خارا را

مہِ تابانِ اقبالت بہ طلعت مہرِ انور باد
شود ایوانِ اجلالت بہ رفعت گنبدِ خضرا

ز اوصافِ جہاں پروریہی داری قوی لشکر
کنی در عرصۂ گیتی مسخر کشورِ دلہا

جہاں از روے شود روشن وزیں مقصودِ ہر دشمن — منور اخترت بادا مظفر خنجرت بادا

ز باغِ عیش و عشرت ہر ہوا خواہِ تو گل چیند — ز داغِ رنج و حسرت باد گرمیِ دلِ اعدا

ہمہ شہزادگاں و دختران نیک اختر ہم — بزرگ و شادماں مانند در دنیا و در عقبیٰ

حمایت ہم علیخاں اولیں شہزادۂ ذیشاں — طفیلِ شاہِ مرداںؓ فضلِ یزداںؒ حامیش بادا

دوم شہزادہ را باشد شجاعت با علی خاں نام — شود در جاہ و اقبال و شجاعت نامیِ یکتا

سوم شہزادہ میر احمد علی خاں کامراں مانند — بجاہِ احمدِؐ مختار شاہِ یثرب و بطحا

کند کاظم علی خاں چارمیں شہزادہ را داورؒ — سر افراز جہاں بہرِ امامِ کاظمؑ یکتا

عزیز و محترم لطفِ امامِ ضامنِ ثامن — کند شہزادۂ خامس رضا و ہم علیخاں را

گہرہا ریخت در مدحِ شہِ گوہر فشاں گوہر — بود موسوم ایں نظمش بنامِ گوہرِ یکتا

۹	قصیدۂ ہفتم فارسی تہنیت سالگرہ سلطان ۱۳ ھ ۳۱	۱۵

قصیدۂ ہفتم فارسی

تہنیت سالگرہ سلطان

۱۳ ھ ۳۱

مرحبا طرفہ بہار آمدہ در باغِ زمن — حبذا لالہ عذار آمدہ ہر گل بچمن

درفشانید چہ شہوار سحابِ رحمت — بشگفانید بگلزار چہ نسرین چہ سمن

سازِ عشرت شدہ ہمراز نواہاے طرب — رازِ بہجت شدہ ہمسازِ عروسانِ چمن

می وزد بادِ سحر ناز کناں در عالم — می دمد عیش ز ہر ناحیۂ ہند و دکن

شاہ عثمان علی راست کنوں سالگرہ — پُر ز گلہاے طرب ہست جہاں را دامن

شہریارے کہ بود شہرِ کرم بحرِ سخا — تاجدارے کہ بود ماہ عطا شاہ دکن

سخت حیراں شدہ ہر کوکبِ رخشاں بفلک
نور افشاں شدہ چوں مہرِ جہاں مطلعِ من

مطلع

جبہات مہوشں ورخ روشن و عارض گلشن ‏ ‏ ‏ ہریکے صورتِ خورشید بود نور فگن

لمعۂ روے تو نورِ نظرِ ہر مہوش ‏ ‏ ‏ جلوۂ کوے تو لختِ جگرِ ہر گلشن

جوہرِ نور زہر ذرہ پدیدار شود ‏ ‏ ‏ اخترِ حسن تو جائیکہ شود جلوہ فگن

روی انصافِ تو مسجودِ عدالت کیشاں ‏ ‏ ‏ بوے اوصافِ تو جاں پرورِ اخلاقِ حسن

عقلِ تو نور فزاے خردِ فلسفیاں ‏ ‏ ‏ فکرِ تو ہوش رباے عقلاے لندن

نامہ پر نور شود آئینہ ساں اے گوہر ‏ ‏ ‏ خامہ مامور شود بہر دعا چوں ازین

تا بگلزارِ جہاں لالہ و سنبل باشد ‏ ‏ ‏ تا بود خار نہاں در برِ ہر گل بچمن

گل ہوا خواہ بردار چمنستانِ طرب ‏ ‏ ‏ مثلِ خار آہ خلد در دل و جانِ دشمن

۱۰ قصیدۂ دوم فارسی ۳۱

چوں برآوردم سر از خوابِ سحر ‏ ‏ ‏ یافتم آفاق بر طرزِ دگر

بارک اللہ وہ چہ صبحِ دلکشا ‏ ‏ ‏ از صباحِ خلد رونق بارتر

وہ چہ صبحے کز صفا می تافت رخ ‏ ‏ ‏ از جبینِ مہوشاں تابندہ تر

باغِ عالم بود بستانِ طرب ‏ ‏ ‏ از خریفِ غم نماند اصلا اثر

رنگِ بہجت می چکید از شش جہت ‏ ‏ ‏ نورِ شادی بود ہر سو جلوہ گر

ہر طرف جوشِ بہارِ سور بود ‏ ‏ ‏ ہر طرف آثارِ عشرت را گذر

بود از بس مستیِ صہباے عیش ‏ ‏ ‏ از خمارِ غم جہانے بے خبر

ہریکے خنداں چو گل از خرمی ‏ ‏ ‏ نغمہ زن ہر کس چو مرغانِ سحر

رنگِ بزمِ عیش ہر کس ریختہ ‏ ‏ ‏ محفل آراے مسرت ہر بشر

آں یکے مصروفِ سامانِ طرب / وین دگر کردہ لباسِ نو بہ بر

گشتم از نظارۂ وضعِ جہاں / محوِ حیرت آئینہ ساں سر بسر

سرِ بجیبِ فکر گشتم غوطہ ور / ناگہاں بادِ صبا آمد ز در

گفت اے بہر چہ در اندیشہ / اے زعقلِ خردہ بیں نا بہرہ ور

صبحِ عید است ایں کہ گردید آشکار / فکر را از دل بکن اکنوں بدر

بر درِ او شو پئے تسلیم خم / آنکہ باشد خسروِ عالی گہر

حضرت عثماں علی شاہ دکن / آصفِ ہفتم نظامِ نامور

چوں شنیدم ایں سخن برخواستم / گوہرِ مدحش بسفتم زود تر

مطلعش اینک چکید از خامہ‌ام / آنکہ باشد رو کشِ سلکِ گہر

مطلع

دستِ جودش فیض را باشد مقر / چوں خدف بیقدر پیشِ او گہر

ایں بری از داغ وآں دارد کلف / کے جبینش را تواں گفتن قمر

علمِ او بحریست اما بے کراں / حلمِ او گردوں ولے خالی ز شر

طبعِ او آئینۂ ذہن و ذکا / سینہ اش گنجینۂ علم و ہنر

فتنۂ بیدار خوابیدہ شود / بشنود افسانۂ عدلش اگر

خوشہ چینِ خرمنِ جاہش حشم / فیض از خوانِ نوالش بہرہ ور

تواماں تقدیر با تدبیرِ او / چوں دعائے سینہ ریشاں با اثر

قطرہ افشاں ابرِ فیضش گر شود / سرو بے بر در چمن آرد ثمر

گنج پرویزش پشیزے پیش نیست / چیں گوہر باری وایثارِ زر

